
FOOD FORTIFICATION PROGRAMME

FORTIFYING PAKISTAN'S FUTURE



# معلوماتی خلاصہ

# خصوصی اعلان

گندم کے آٹے کے لئے پری مکس پر سبسڈی

**100%**

تک بڑھادی گئی

آج برطانوی حکومت کی مالی معاونت سے جاری فوڈ فورٹیفیکیشن پروگرام یہ اعلان کرسکتا ہے کہ یکم جولائی 2020 سے گندم کے آٹے کی غذائیت میں اضافی طور پر شامل کئے جانے والے اضافی غذائی اجزاء یعنی فولاد، فولک ایسڈ، زنک اور وٹامن B12 پر مشتمل پری مکس کی خریداری کے لئے 100 فی صد سبسڈی فراہم کی جارہی ہے۔

## زندگی بچانے والے آٹا مل مالکان

فوڈ فورٹیفیکیشن پروگرام میں ہم آٹا مل مالکان کی گرانقدر خدمات اور فوڈ فورٹیفکیشن کے لئے پاکستان بھر میں ان کی خدمات کا اعتراف کرنا چاہتے ہیں۔ آپ کا تعاون اور عمل زندگیوں کے تحفظ اور صحت مند و مضبوط قوم کی تشکیل میں مددگار ہے۔

لیکن ہم یہ سمجھتے ہیں کہ ان اضافی غذائی اجزاء کی خریداری پر اٹھنے والی لاگت چاہے رعایتی نرخوں پر ہی کیوں نہ ہو یہ فوڈ فورٹیفکیشن کی مقدار اور معیار میں ایک رکاوٹ بن سکتی ہے۔ اسی لئے ہم فوڈ فورٹیفکیشن کے عمل کے دوران شامل کئے جانے والے اضافی غذائی اجزاء پر سبسڈی کی سطح 100 فی صد تک بڑھا رہے ہیں۔

## ترقی کی شرح میں اضافہ

فوڈ فورٹیفیکیشن پروگرام میں ہم چاہتے ہیں کہ آٹا مل مالکان کی ملیں جو فوڈ فورٹیفکیشن پروگرام میں شامل کی گئی تھیں وہ اب اضافی لاگت برداشت نہ کریں۔ ہم چاہتے ہیں کہ باقی ملیں بھی ہمارے پروگرام کا حصہ بنیں۔ نظرثانی شدہ سبسڈی کی بدولت آٹا ملوں میں مائیکرو فیڈرز کی تنصیب میں تیزی آئے گی جس سے آٹے کی سٹوریج کے اخراجات میں کمی آئے گی اور فوری طور پر فورٹیفائیڈ آٹے کی پیداوار میں موزوں اضافہ ہوسکے گا۔

سبسڈی کی اہلیت کا تعین اب بھی موجودہ طریقہ کار کے تحت ہوگا جس میں آٹے کے نمونے اور آٹے کی فورٹیفکیشن کی سطح کا ٹیسٹ اور اس عمل میں شامل کئے جانے والے اضافی غذائی اجزاء پر مشتمل پری مکس کی مقدار کا جائزہ لینا ہے۔

اس کے علاوہ ہم تمام مل مالکان کو یقین دلانا چاہتے ہیں کہ گندم کے آٹے میں اضافی غذائی اجزاء کی شمولیت سے آٹے کے رنگ اور ذائقے پر کوئی اثر نہیں پڑتا۔ فوڈ فورٹیفیکیشن پرگرام کی ایک حالیہ تحقیق میں اضافی غذائی اجزاء شامل کئے جانے والے آٹے سے تیار کردہ اشیاء کے رنگ پر کوئی اثر نہیں پڑا اور کسی بھی اضافی غذائی جزو سے آٹے پر منفی اثرات ظاہر نہیں ہوئے۔

پورے پاکستان میں اس وقت 773 ملیں ایف ایف پی کے ساتھ رجسٹرڈ ہیں جن میں سے صرف 14% ملیں فورٹیفائیڈ آٹا تیار کرتی ہیں۔ ہم جانتے ہیں کہ ہم مزید پیش رفت کرسکتے ہیں اسی لئے ہم نے اضافی غذائی اجزاء پر سبسڈی کو 100% کردیا ہے۔

## فورٹیفیکیشن کیوں اہم ہے؟

حکومت پاکستان، پاکستان فلور ملز ایسوسی ایشن اور مل مالکان، فوڈ فورٹیفکیشن پروگرام کے ساتھ مل کر صحت کے ایک بڑے بحران پر قابو پانے کے لئے کوشاں ہیں جس کا پاکستان کو سامنا ہے۔ ایک ساتھ ہم کامیاب ہوں گے۔

- پاکستان میں تقریباً نصف بچے غذائیت کی کمی کا شکار ہیں جس سے زندگی بھر ان کی ذہنی نشوونما اور بیماریوں کے خلاف قوت مدافعت پر منفی اثرات پڑتے ہیں۔
- پاکستان میں تولیدی عمر کو پہنچنے والی 42% خواتین خون کی کمی اور 18% فولاد کی کمی کا شکار ہیں[1]، جس سے ماں کی موت کا خطرہ ہوسکتا ہے یا قبل از وقت بچے کی پیدائش کے خطرات بڑھ جاتے ہیں۔
- پانچ سال سے کم عمر کے تقریباً نصف بچے وٹامنز کی کمی کا شکار ہیں۔ وٹامن اے کی کمی رات کے نابینا پن کی سب سے بڑی وجہ ہے۔ وٹامنز کی کمی جان لیوا بیماریوں کے خلاف قوت مدافعت کو بھی متاثر کردیتی ہے۔



©Food Fortification Programme

گندم کے آٹے کے لئے پری مکس پر سبسڈی

# 100%

تک بڑھا دی گئی

خصوصی اعلان

## آؤمل کر زندگیاں بچائیں

گندم کے آٹے میں فولاد، فولک ایسڈ، زنک اور وٹامن B12 کی اضافی غذائیت شامل کرنے کے صحت پر پڑنے والے فوائد بڑے واضح ہیں۔

فولاد سے بچوں میں پڑھنے اور سیکھنے کی صلاحیتوں میں اضافہ ہوتا ہے۔ بالغ افراد کی کارکردگی میں بہتری آتی ہے، خواتین، بچوں اور بالغ افراد میں خون کی کمی کے امکانات کم ہوجاتے ہیں۔

فولک ایسڈ بچوں میں ذہنی وجسمانی معذوری کے امکانات میں کمی لاتا ہے۔ یہ ذہن کے موزوں طور پر کام کرنے میں اہم کردار ادا کرتا ہے اور ذہنی وجذباتی صحت کے حصول کے لئے لازمی ہے۔

زنک سے نشوونما میں بہتری اور قوت مدافعتی نظام میں اضافہ، ہڈیوں اور دانتوں کی تشکیل میں بہتری کے ساتھ ساتھ جسم ودماغ کے لئے درکار منرلز فراہم کرتا ہے۔ یہ سیکھنے اور توانائی کی سطح بہتر کرتا ہے۔

وٹامن B12 دماغی کارکردگی کو بہتر کرتا ہے، ماؤں کی صحت اور سیکھنے کی صلاحیت کو بہتر کرتا ہے۔

کورونا کی وباء کے دوران مضبوط قوت مدافعت کو اس وائرس کے خلاف ایک اہم دفاع قرار دیا گیا ہے۔ گندم کے آٹے میں اضافی غذائی اجزاء شامل کرنے سے، آٹا ملوں کی صنعت سے وابستہ قیادت کے تعاون اور ان کے کلیدی کردار کی بدولت کورونا کی وباء کی روک تھام میں بڑی مدد مل رہی ہے۔

## فوڈ فورٹیفکیشن پروگرام اور حکومت برطانیہ کی جانب سے آپ کا شکریہ

فوڈ فورٹیفکیشن پروگرام 48 ملین پاؤنڈ کا پانچ سالہ پروگرام ہے، جس کی مجموعی مالیت 68 ملین پاؤنڈ سپورٹنگ نیوٹریشن پروگرام پاکستان (SNIP) کے لئے حکومت برطانیہ کے ادارہ برائے بین الاقوامی ترقی (DFID) کے مالی تعاون سے فراہم کئے جا رہے ہیں۔فوڈ فورٹیفیکیشن پروگرام، حکومت، صنعت اور صارفین کے ساتھ مل کر پاکستان بھر میں غذائیت کی صورتحال پر قابو پانے کے لئے کام کر رہی ہے۔ اس وقت ادارہ برائے بین الاقوامی ترقی (DFID) پاکستان میں غذائیت کی بہتری کے لئے سرفہرست امدادی ادارہ ہے۔

**فوڈ فورٹیفیکیشن پروگرام اور ادارہ برائے بین الاقوامی ترقی (DFID) کی جانب سے ہم پاکستان بھر کے آٹا مل مالکان کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔**


1۔قومی غذائی سروے 2018

فوڈ فورٹیفیکیشن پروگرام: فوڈ فورٹیفکیشن پروگرام 48 ملین پاؤنڈ کا پانچ سالہ پروگرام ہے، جس کی مجموعی مالیت 68 ملین پاؤنڈ سپورٹنگ نیوٹریشن پروگرام پاکستان (SNIP) کے لئے حکومت برطانیہ کے ادارہ برائے بین الاقوامی ترقی (DFID) کے مالی تعاون سے فراہم کئے جا رہے ہیں۔فوڈ فورٹیفیکیشن پروگرام کے ذریعے سے فولاد، فولک ایسڈ، زنک اور وٹامن بی 12 سے بھرپور گندم کے آٹے اور وٹامن اے اور ڈی سے بھرپور خوردنی تیل اور گھی کی موثر رسائی اور استعمال کے ذریعے اس مقصد کو حاصل کرنے میں مدد ملے گی۔
فوڈ فورٹیفیکیشن پروگرام اور پاکستان میں فوڈ فورٹیفیکیشن پر کام کے حوالے سے مزید معلومات کے لئے ہماری ویب سائٹ **www.ffp-pakistan.org** ملاحظہ کریں، فیس بک کے لئے **FFPpakistan** اور ٹیوٹر **@FFP_PK** پر فالو کریں۔ اگر آپ کو کوئی معلومات لینی ہیں تو براہ مہربانی دیئے گئے ای میلز info@ffp-pakistan.org اور Laila.Rubab@ffp-pakistan.org پر رابطہ کریں۔

فوڈ فورٹیفکیشن پروگرام موٹ مکڈونلڈ اور نیوٹریشن انٹرنیشنل کے باہمی اشتراک سے عمل درآمد کیا جارہا ہے۔
یہاں پر شائع کردہ مواد برطانوی حکومت کی کسی قسم کی پالیسوں کی عکاسی نہیں کرتا۔فوڈ فورٹیفکیشن پروگرام 2020 کے جملہ حقوق محفوظ ہیں۔

UKaid
from the British people

ffp



@FFPpakistan

@FFP_PK

www.ffp-pakistan.org